اورادفتحیہ

مع

دعاءرقاب

مؤلف:
حضرت اقدس امیر کبیر میر سید علی ہمدانیؒ

مترجم: حکیم شفیق احمد قاسمی صاحب
خادم دارالعلوم اسلامیہ پنجورہ شوپیان کشمیر

اَلْاَوْرَادُ الْفَتْحِيَّةُ

مَعَ دُعَاءِ الرِّقَابِ

تَأْلِيْفُ اللَّطِيْفِ

لِسَيِّدِنَا الْاَمِيْرِ الْكَبِيْرِ الشَّيْخِ السَّيِّدِ عَلِيٍّ شِهَابِ الدِّيْنِ الْحُسَيْنِيِّ الْهَمَدَانِيِّ

نَوَّرَ اللهُ مَرْقَدَهٗ وَ قَدَّسَ اللهُ سِرَّهٗ

بِاِعْتِنَآءِ

حَکِیْم شَفِیْق اَحْمَدَ الْقَاسِمِیّ اَلشُّوْفِیَانِیّ الْکَشْمِیْرِی

خَادِمُ بِدَارِ الْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِیَّةِ فِنْجُوْرَہ

اَلنَّاشِرُ: اسلامك ریسرچ اینڈ پروپیگیشن سنٹر۔

کنال ایوینیو راول پورہ سرینگر کشمیر المدیریۃ:

هَاتِفُ

00919858404505/00919419080320

الحمد للہ الذی استحق بالحمد و الثناء، والحمد للہ الذی امرنا بالدعاء
والتضرع الیہ وحدہ، والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ وعلیٰ اٰلہ
واصحابہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین ۔ اما بعد

اوراد شریف حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رضی اللہ عنہ کی وہ الہامی تصنیف ہے جو اللہ تعالٰی کے اسماء وصفات اور نبی پاک ﷺ کے درودوں اور ایسی دعاوں کا مجموعہ ہے جنکا ماخذ قرآن وحدیث ہے

یہ وہ مقدس مجموعہ ہے جسے پورے عالم خاص کر ہندوستان پاکستان افغانستان ترکستان اور کشمیر میں قبولیت عامہ حاصل ہے۔

بعض احباب کا کافی عرصہ سے اسرار رہا کہ اس کتاب کو کمپوز کیا جائے اور اس کا آسان سا ترجمہ کیا جائے۔

احقر نے ان کے حکم کو غنیمت جانا اور اس پر کام شروع کیا، بظاہر بہت کوشش کی کہ اس کی عربی عبارت میں کوئی اعرابی غلطی نہ رہے اور ترجمہ آسان ہو پھر بھی کہیں کوئی غلطی رہ گئی ہو تو ضرور مطلع فرمائیں اور ساتھ میں قبولیت کے لئے خاص دعا فرمائیں۔

حکیم شفیق احمد قاسمی غفرلہ

صاحب اوراد فتحیہ حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کے مختصر حالات۔

- آپ ملک فارس کے شہر ہمدان میں (۷۱۴ھ) مطابق (۱۳۱۴ء) میں تولد ہوئے۔
- آپ کا نسب والد گرامی کی طرف سے حضرت سیدناامام حسین رضی اللہ عنہ اور والدہ ماجدہ کی طرف سے حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے گویاآپ نجیب الطرفین ہیں۔
- آپ نے قرآن پاک کا حفظ اور علوم نقلیہ اور علوم عقلیہ کی تحصیل و تکمیل صرف تیرہ سال کی عمر مبارک میں اپنے ماموں حضرت سید علاء الدین ہمدانیؒ سے کی۔
- اسکے بعد آپ نے مشائخ کا رخ فرمایا جن میں ابو بکر ہمدانیؒ، محمود مزدقانیؒ،

نجم الدین ازیانیؒ قابل ذکر ہیں۔

- حضرت نجم الدین ازیانیؒ کی وفات کے بعد آپ درس وتدریس اور دعوت و تبلیغ میں مشغول ہوئے، اسکے بعد آپ حضرت شیخ شرف الدین محمود مزدقانیؒ کی صحبت بابرکت سے فیضیاب ہوئے اور آپ کی خدمت اقدس میں چھ سال گذارنے کے بعد شیخ کی طرف سے سیر وسیاحت کا حکم ہوا چنانچہ آپؒ نے ۲۱ سال کی طویل مدت تک مختلف اسلامی ممالک کا دورہ کیا جسمیں آپ سے طلبہ کی کثیر تعداد نے علوم ظاہرہ وباطنہ کو حاصل کیا اس عرصہ میں تین مرتبہ بیت اللہ شریف کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے۔
- آپ جب واپس اپنے وطن تشریف لائے تو لوگوں میں آپ کی شہرت ہوئی اور جوق درجوق آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے تو حاسدین کی نگاہ سے بچ نہ سکے جس کے نتیجہ میں وقت کی حکومت آپ کے خلاف ہوگئی

اس لئے آپ کو اپنے وطن سے کشمیر ہجرت کرنا پڑی۔

- کشمیر تشریف آوری پر آپ کے ساتھ آپ کے سات سو طلبہ اور مریدین تھے جن سب کا تعلق خاندان سادات سے تھا آپ نے واضح طور پر دینی، اقتصادی، سیاسی وسماجی اعتبار سے کشمیر کی تقدیر بدل کر رکھ دی۔
- کشمیر میں آپ نے مساجد تعمیر کرائیں جہاں سے اسلام کو پھیلایا گیا علوم اسلامی کو عام کیا گیا اس کے ساتھ ساتھ آپ نے اہل کشمیر کو مختلف فنون میں ماہرین کی ایک بڑی جماعت میسر کی، جن سے صنعت و حرفت کی مختلف چیزیں سیکھیں یوں انکی اقتصادی حالت بہتر ہو گئی۔
- آپ کے دست مبارک پر چالیس ہزار سے زیادہ بودھ اور ہندو مشرف باسلام ہوئے اور اہل کشمیر کو انکی جہالت اور انکے اختلافات کے بعد ایک جھنڈے کے نیچے جمع فرمایا۔

- کشمیر سے واپسی پر ۷۸۲ھ میں آپ افغانستان میں انتقال فرما گئے اور یہیں پر دفن کئے گئے اور چھ ماہ کے بعد آپ کے طلبہ نے آپ کی نعش مبارک کو تاجکستان منتقل کیا اور وہیں پر صبح قیامت تک آرام فرما ہیں۔
- آپ کی تصانیف کثیر ہیں جن میں مشہور (اوراد فتحیہ) ہے جو اللہ تعالی کے اسماء اور صفات اور نبی پاک ﷺ کے اوپر بھیجے جانے والے دوردوں اور دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ جو اس وقت آپکے ہاتھوں میں ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور رحم کرنے والا ہے

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الۡعَظِیۡمَ (۳ مرۃ)

میں مغفرت طلب کرتا ہوں اس اللہ سے جو بہت عظمت والا ہے

اَلَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو ہمیشہ زندہ اور تمام کائنات کو سنبھالنے والا ہے

وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ وَاَسۡئَلُہُ التَّوۡبَۃَ۔

اور اسی کی طرف لوٹتا ہوں اور اسی سے توبہ کی قبولیت طلب کرتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ السَّلَامُ وَمِنۡكَ السَّلَامُ وَاِلَیۡكَ یَرۡجِعُ السَّلَامُ

اے اللہ ! آپ ہی سلامتی والے ہیں اور آپ ہی کی طرف سے سلامتی ہے اور آپ ہی کی طرف سلامتی لوٹتی ہے

حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ

اے ہمارے رب! ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ اور ہمیں سلامتی کے گھر (جنت) میں داخل فرما

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

تو بابرکت وعالی مقام ہے، اے عظمت واکرام والے خدا۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا يُّوَافِيْ نِعَمَكَ وَيُكَافِئُ مَزِيْدَ كَرَمِكَ

اے اللہ! آپ ہی کے لئے ساری تعریفیں ہیں ایسی تعریفیں جو آپکی نعمتوں کا حق ادا کر سکیں اور کافی ہو مزید آپ کے احسانات کے۔

اَحْمَدُكَ بِجَمِيْعِ مَحَامِدِكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ

وَعَلٰى جَمِيْعِ نِعَمِكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ وَعَلٰى كُلِّ حَالٍ

میں آپکی ہی حمد بیان کرتا ہوں آپکی تمام خوبیوں پر اور آپکی تمام نعمتوں پر جن سے میں واقف ہوں اور جن سے میں ناواقف ہوں اور آپکی ہی حمد کرتا ہوں ہر حال میں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ۔

میں پناہ چاہتا ہوں اللہ جل شانہ کی شیطان مردود سے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ

اللہ کی ذات وہ ہے کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو زندہ ہے ساری کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے۔ اسکو اونگھ اور نید اپنی گرفت میں نہیں لیتی،

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ

اسکی ملکیت ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمینوں میں ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اسکے سامنے سفارش کرے

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

جانتا ہے جو کچھ بندوں کے سامنے ہے اور جو کچھ انکے پیچھے ہے

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

اور نہیں گھیر سکتے ہیں اسکے بندے کچھ بھی اس کے علم میں سے مگر جو کچھ وہ چاہے۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

اسکی کرسی گھیرے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو، اور انکی حفاظت اسکو تھکا نہیں دیتی، وہی برتر اور بزرگ ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ (۳۳ مرۃ)

پاک ہے اللہ کی ذات ہر عیب سے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (۳۳ مرۃ)

تمام تعریفیں اسی اللہ تعالی کے لئے ہیں

اَللّٰہُ اَکْبَرُ (۳۴ مرۃ)

اللہ تعالی سب سے بڑے ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۱۰ مرات)

اللہ تعالی کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ یکتا ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بادشاہ ہے اور زبردست طاقتور ہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو یکتا ہے اور بہت غلبہ والا ہے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو غالب، بہت مغفرت کرنے والا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْكَرِيْمُ السَّتَّارُ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو کرم کرنے والا اور پردہ پوشی کرنے والا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بڑا اور بلند و بالا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِقُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو رات اور دن کو پیدا کرنے والا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَعْبُوْدُ بِكُلِّ مَكَانٍ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جس کی ہر جگہ عبادت کی جاتی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَذْكُوْرُ بِكُلِّ لِسَانٍ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جس کا ذکر ہر زبان پر جاری ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَعْرُوْفُ بِکُلِّ اِحْسَانٍ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو اپنے ہر احسان سے پہچانا جاتا ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو ہر آن نرالی شان کے ساتھ ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِیْمَانًا بِاللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اللہ تعالی پر ایمان لاتے ہوئے (یعنی اسکے معبود ہونے پر میں ایمان لاتا ہوں)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَمَانًا مِنَ اللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اس کلمہ کو اللہ کی طرف سے امان تصور کرتے ہوئے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَمَانَۃً عِنْدَ اللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اس کلمہ کو اللہ کی طرف سے امانت سمجھتے ہوئے۔
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے کوئی توفیق اور طاقت اس کے سوا نہیں۔
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہیں کرتے ہیں۔
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَقًّا حَقًّا
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے یہ کلمہ ایک ثابت شدہ حقیقت ہے۔
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِیْمَانًا وَّصِدْقًا

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اس پر ہمیں پکا اور سچا ایمان ہے۔
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اسکی بندگی اور غلامی کرتے ہوئے۔
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَلَطُّفًا وَّرِفْقًا
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے لطف و کرم اور نرمی کے ساتھ۔
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ كُلِّ شَیْءٍ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اسکی ذات ہر چیز سے پہلے ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَعْدَ كُلِّ شَیْءٍ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اسکی ذات ہر چیز کے بعد باقی ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَبْقٰى رَبُّنَا وَيَفْنٰى وَيَمُوْتُ كُلُّ شَیْءٍ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے ہمارا رب باقی رہے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی اور مر جائے گی
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو حقیقی اور واضح بادشاہ ہے
لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْیَقِیْنُ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو حقیقی اور یقینی بادشاہ ہے۔
لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بلند و بالا و بزرگ تر ہے
لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بردبار اور کرم کرنے والا ہے
لَا اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرُبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ ساتوں آسمانوں کا رب ہے اور وہ رب ہے عرش عظیم کا۔
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَکْرَمُ الْاَکْرَمِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو تمام سخیوں سے زیادہ سخی ہے
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو تمام رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَبِیْبُ التَّوَّابِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرنے والا ہے
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَاحِمُ الْمَسَاکِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو مسکینوں پر رحم کرنے والا ہے

لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ هَادِی الْمُضَلِّیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ گمراہوں کو ہدایت دینے والا ہے۔
لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ دَلِیْلُ الْحَائِرِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے حیران لوگوں کا رہنما ہے۔
لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ اَمَانُ الْخَائِفِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے خوف زدہ لوگوں کو امن دینے والا ہے
لَآاِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ غِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے مدد طلب کرنے والوں کی مدد کرنے والا ہے

لَااِلٰہَ اِلاَّاللّٰہُ خَیْرُ النَّاصِرِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہترین مدد گار ہے۔
لَااِلٰہَ اِلاَّاللّٰہُ خَیْرُ الْحَافِظِیْنِ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہترین حفاظت کرنے والا ہے۔
لَااِلٰہَ اِلاَّاللّٰہُ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہتر وارث عطا کرنے والا ہے
لَااِلٰہَ اِلاَّاللّٰہُ خَیْرُ الْحَاکِمِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہترین حاکم ہے۔
لَااِلٰہَ اِلاَّاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہترین رزاق ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہتر فتح و نصرت دینے والا ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہتر مغفرت کرنے والا ہے۔
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو بہترین رحم کرنے والا ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَصَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ وَلَاشَیْءَ بَعْدَهٗ۔
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس نے اپنا واعدہ سچ کر دکھایا اور اپنے بندے (حضرت محمد ﷺ) کی مدد کی اور اپنے لشکر کو عزت بخشی اور اسلام دشمن جماعتوں کو تنہا شکست دی۔

لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَهْلُ النِّعْمَةِ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ۔

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ نعمتوں کا عطا کرنے والا اور اسی کا فضل و کرم ہے اور اسی کے لئے بہترین تعریفیں ہیں۔

لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے (میں گواہی دیتا ہوں) اسکی مخلوق کی تعداد اور اسکے عرش کے ہموزن اور اسکی خوشنودی کی حد تک اور اسکے کلمات کے بقدر۔

لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صَاحِبُ الْوَحْدَانِيَّةِ الْفَرْدَانِيَّةِ الْقَدِيْمِيَّةِ الْاَزَلِيَّةِ الْاَبَدِيَّةِ لَيْسَ لَهٗ ضِدٌّ وَّلَانِدٌّ وَّلَا شِبْهٌ وَّلَا شَرِيْكٌ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے جو تنہا و یکتا ہمیشہ رہنے والا اور ازلی اور ابدی ہے نہ اسکا کوئی مقابل اور نہ اسکا کوئی ہمسر اور نہ اس جیسا کوئی، اور نہ اسکا کوئی شریک ہی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ

الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ

اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں، وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے اور

وہ خود زندہ و جاوید ہے اس پر موت طاری نہیں ہوتی اسی کے دست قدرت میں

ساری خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

وہی اول ہے اور وہی آخر ہے اور وہی ظاہر ہے اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کو

جاننے والا ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

کوئی شئی اس جیسی نہیں ہے وہ سننے اور دیکھنے والا ہے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ (۳ مرۃ)

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز، کیا ہی اچھا آقا اور کیا ہی اچھا مددگار ہے

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۔

اے ہمارے رب! ہم تجھ ہی سے مغفرت طلب کرتے ہیں اور تیری ہی طرف واپس آنا ہے

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔

اے اللہ جو آپ عطا کریں اسکو کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جس چیز کو آپ روک دیں اس کو کوئی دینے والا نہیں، اور جس چیز کا آپ فیصلہ کریں اسے کوئی ٹالنے والا نہیں، اور کسی صاحب مال و جاہ کو اسکا وہ مال و جاہ آپکے مقابلہ میں نفع نہیں دے سکتا۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْوَهَّابِ
پاک ہے میرے پروردگار کی ذات، جو بلند و بالا اور بہت عطا کرنے والا ہے۔
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلَی الْوَهَّابِ
پاک ہے میرے پروردگار کی ذات، جو بلند و بالا اور بہت عطا کرنے والا ہے۔
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَلِیِّ الْاَعْلَی، اَلْکَرِیْمُ الْوَهَّابُ یَاوَهَّابُ۔
پاک ہے میرے پروردگار کی ذات، جو بلند و بالا کریم اور بہت عطا کرنے والا ہے۔اے عطا کرنے والے۔
سُبْحَانَكَ مَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ
پاک ہے آپکی ذات ہر عیب و نقص سے، ہم نے آپکی عبادت اس طرح نہیں کی جیسا کہ آپکی عبادت کا حق تھا
سُبْحَانَكَ مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ

پاک ہے آپکی ذات ہر عیب و نقص سے، ہم نے آپ کو اس طرح سے نہیں پہچانا جیسا کہ آپ کو پہچاننے کا حق تھا

سُبْحَانَكَ مَاذَكَرْنَاكَ حَقَّ ذِكْرِكَ

پاک ہے آپکی ذات ہر عیب و نقص سے، ہم نے آپکا ذکر اس طرح نہیں کیا جیسا کہ آپ کے ذکر کا حق تھا

سُبْحَانَكَ مَا شَكَرْنَاكَ حَقَّ شُكْرِكَ

پاک ہے آپکی ذات ہر عیب و نقص سے، ہم نے آپکی عبادت اس طرح نہیں کی جیسا کہ آپکی عبادت کا حق تھا

سُبْحَانَ اللهِ الْاَبَدِيِّ الْاَبَدِ

پاک ہے اللہ کی ذات وہ ہمیشہ ہمیش رہنے والا ہے

سُبْحَانَ اللهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ

پاک ہے اللہ کی ذات جو تن تنہا، اکیلا ہے

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ
پاک ہے اللہ کی ذات جو یکتا و بے نیاز ہے
سُبْحَانَ اللّٰہِ رَافِعِ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ
پاک ہے اللہ کی ذات، آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بلند کرنے والا۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا۔
پاک ہے اللہ کی ذات جس نے نہ بیوی ہی اختیار کی نہ کسی کو اولاد ہی بنایا ہے۔
سُبْحَانَ اللّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ
پاک ہے اس اللہ کی ذات جو نہ کسی سے جنا اور نہ اس سے کوئی جنا اور نہ ہی کوئی اسکا ہمسر ہے۔
سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ
پاک ہے اسکی ذات، جو بادشاہ ہے ہر عیب و نقص سے پاک ہے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَ الْمَلَكُوْتِ

پاک ہے وہ ذات جو انسانوں کی دنیا اور فرشتوں کے عالم کا مالک ہے۔

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَ الْعَظَمَةِ وَ الْقُدْرَةِ وَ الْهَیْبَةِ وَ الْجَلَالِ
وَ الْجَمَالِ وَ الْكَمَالِ وَ الْبَقَآءِ وَ الثَّنَآءِ وَ الضِّیَآءِ وَ الْآلَاءِ
وَ النَّعْمَآءِ وَ الْكِبْرِیَآءِ وَ الْجَبَرُوْتِ

پاک ہے وہ ذات جو عزت و عظمت اور قدرت و ہیبت اور رعب و جمال اور کمال و ہمیشگی، اور لائق تعریف و منبع نور اور ظاہری و باطنی نعمتوں اور بزرگی و غلبہ کا سرچشمہ ہے

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَ لَا یَمُوْتُ

پاک ہے وہ ذات جو بادشاہ زندہ و جاوید ہے جو نہ سوتا ہے اور نہ اس پر موت طاری ہوتی ہے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔

ہمارا اور ملائکہ اور جبرئیلؑ کا رب ہر عیب و نقص سے پاک ہے۔

سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔
پاک ہے اللہ کی ذات اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ کی ذات ہر عیب و نقص سے پاک ہے اور اللہ کے سوا کسی کو قدرت و طاقت نہیں ہے جو بلند و بالا اور عظیم ہے
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
اے اللہ ! آپ وہ حقیقی بادشاہ ہیں کہ کوئی معبود نہیں آپ کے بغیر

یَااللّٰہُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحِیْمُ	یَامَلِکُ
اے اللہ (جل شانہ)	اے دنیا کے مہربان	اے آخرت کے مہربان	اے بادشاہ
یَا قُدُّوْسُ	یَا سَلَامُ	یَامُؤمِنُ	یَامُھَیْمِنُ
اے پاک ذات	اے سلامتی والے	اے امن دینے والے	اے (کائنات کے) نگہبان
یَاعَزِیْزُ	یَاجَبَّارُ	یَامُتَکَبِّرُ	یَاخَالِقُ
اے بہت غالب	اے زبردست	اے بڑائی اور کبریائی والے	اے پیدا کرنے والے

یَابَارِئُ	یَامُصَوِّرُ	یَاغَفَّارُ	یَاقَهَّارُ
اے انوکھا بنانے والے	اے صورتوں کو بنانے والے	اے بہت مغفرف کرنے والے	اے بہت قہر کرنے والے
یَاوَهَّابُ	یَارَزَّاقُ	یَافَتَّاحُ	یَاعَلِیْمُ
اے بہت عطا کرنے والے	اے بہت رزق دینے والے	اے رحمت کادروازہ کھولنے والے	اے بہت جاننے والے
یَاقَابِضُ	یَابَاسِطُ	یَاخَافِضُ	یَارَافِعُ
اے روکنے والے	اے وسعت عطا کرنے والے	اے گرانے والے	اے بلند کرنے والے
یَامُعِزُّ	یَامُذِلُّ	یَاسَمِیْعُ	یَابَصِیْرُ
اے عزت بخشنے والے	اے ذلت دینے والے	اے بہت سننے والے	اے بہت دیکھنے والے

یَاحَکَمُ	یَاعَدْلُ	یَالَطِیْفُ	یَاخَبِیْرُ
اے فیصلہ کرنے والے	اے انصاف کرنے والے	اے مہربانی کرنے والے	اے خبر رکھنے والے
یَاحَلِیْمُ	یَاعَظِیْمُ	یَاغَفُوْرُ	یَاشَکُوْرُ
اے بردبار	اے عظمت والے	اے بہت مغفرت کرنے والے	اے فرمانبرداروں کے قدردان
یَاعَلِیُّ	یَاکَبِیْرُ	یَاحَفِیْظُ	یَامُقِیْتُ
اے بلند و بالاذات	اے بزرگ و برتر	اے حفاظت کرنے والے	اے ہر چیز کے نگہبان
یَاحَسِیْبُ	یَاجَلِیْلُ	یَاکَرِیْمُ	یَارَقِیْبُ
اے حساب لینے والے	اے عظیم قدر والے	اے کرم کرنے والے	اے نگرانی کرنے والے

يَامُجِيْبُ	يَاوَاسِعُ	يَاحَكِيْمُ	يَاوَدُوْدُ
اے دعاؤں کو قبول کرنے والے	اے وسیع قدرت والے	اے حکمت والے	اے محبت کرنے
يَامَجِيْدُ	يَابَاعِثُ	يَاشَهِيْدُ	يَاحَقُّ
اے بلند شان والے	اے قبروں سے اٹھانے والے	اے حاضر وناظر	اے بر حق ذات
يَاوَكِيْلُ	يَاقَوِيُّ	يَامَتِيْنُ	يَاوَلِيُّ
اے کافی ہونے والے	اے طاقت والے	اے مضبوط ترین ذات	اے دوستی کرنے والے
يَاحَمِيْدُ	يَامُحْصِيْ	يَامُبْدِئُ	يَامُعِيْدُ
اے لائق حمد وثناء	اے شمار کرنے والے	اے ابتداء کرنے والے	اے دوبارہ لوٹانے والے

يَامُحْيِي	يَامُمِيْتُ	يَاحَيُّ	يَاقَيُّوْمُ
اے زندہ کرنے والے	اے مارنے والے	اے ہمیشہ رہنے والے	اے قائم رکھنے والے
يَاوَاجِدُ	يَامَاجِدُ	يَاوَاحِدُ	يَااَحَدُ
اے صاحب وجود	اے عظیم و برتر ذات	اے خوبیوں میں یکتا	اے وجود میں ایک
يَاصَمَدُ	يَاقَادِرُ	يَامُقْتَدِرُ	يَامُقَدِّمُ
اے بے نیاز ذات	اے قدرت والے	اے بااقتدار و عزت والے	اے آگے بڑھانے والے
يَامُؤَخِّرُ	يَااَوَّلُ	يَاآخِرُ	يَاظَاهِرُ
اے پیچھے کرنے والے	اے سب سے پہلے	اے سب سے آخری ذات	اے ظاہر

یَابَاطِنُ	یَاوَالِیُ	یَامُتَعَالِیُ	یَابَرُّ
اے پوشیدہ ذات	اے حکومت والے	اے بلند و برتر ہستی	اے نیکوکار
یَاتَوَّابُ	یَامُنْعِمُ	یَامُنْتَقِمُ	یَاعَفُوُّ
اے بار بار توبہ قبول کرنے والے	اے نعمت عطا کرنے والے	اے انتقام لینے والے	اے درگزر کرنے والے
یَارَؤُوفُ	یَامَالِكَ الْمُلْكِ	یَاذَاالْجَلَالِ	وَالْاِکْرَامِ
اے مہربانی کرنے والے	اے کائنات کے مالک	اے عزت والے	اور بزرگی والے
یَارَبُّ	یَامُقْسِطُ	یَاجَامِعُ	یَاغَنِیُّ
اے تربیت کرنے والے	اے انصاف کرنے والے	اے جمع کرنے والے	اے بے نیاز

يَامُغْنِيْ	يَامُعْطِيْ	يَامَانِعُ	يَاضَآرُّ
اے بے نیاز کرنے والے	اے عطا کرنے والے	اے روکنے والے	اے نقصان دینے والے
يَانَافِعُ	يَانُوْرُ	يَاهَادِیْ	يَابَدِيْعُ
اے نفع دینے والے	اے روشن ذات	اے راہ دکھانے والے	اے بے مثال بنانے والے
يَابَاقِیْ	ياوَارِثُ	يَارَشِيْدُ	يَاصَبُوْرُ
اے ہمیشہ رہنے والے	اے مال ومتاع کے وارث	اے رہنمائی کرنے والے	اے نہایت بردبار
يَاصَبُوْرُ	يَاصَادِقُ	يَاسَتَّارُ	
اے نہایت بردبار	اے سچ فرمانے والے	اے پردہ پوشی کرنے والے	

يَامَنْ تَقَدَّسَتْ عَنِ الْاَشْبَاهِ ذَاتُهٗ وَتَنَزَّهَتْ عَنْ مُّشَابَهَةِ الْاَمْثَالِ صِفَاتُهٗ

اے وہ ہستی جسکی ذات ہمسروں سے پاک ہے اور جسکی صفات مشابہتوں سے پاک ہے

وَيَامَنْ دَلَّتْ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِهٖ آيَاتُهٗ

اے وہ ذات جسکی نشانیاں اسکی وحدانیت پر دلالت کرتی ہیں

وَشَهِدَتْ بِرَبُوْبِيَّتِهٖ مَصْنُوْعَاتُهٗ

اور اسکی بنائی ہوئی چیزیں اس کے پروردگار ہونے پر گواہی دے رہی ہیں

وَاحِدٌ لَّا مِنْ قِلَّةٍ، وَّمَوْجُوْدٌ لَّا مِنْ عِلَّةٍ

وہ اکیلا ہے لیکن کسی کمی کی وجہ سے نہیں اور وہ موجود ہے مگر کسی سبب سے نہیں۔

يَامَنْ هُوَ بِالْبِرِّ مَعْرُوْفٌ وَّبِالْاِحْسَانِ مَوْصُوْفٌ مَّعْرُوْفٌ بِلَا غَايَةٍ
اے وہ ذات جو نیکی میں مشہور ہے اور احسان (کی صفت) سے موصوف ہے جس کی مشہوری کی کوئی حد نہیں
وَّمَوْصُوْفٌ بِلَا نِهَايَةٍ
اور بے انتہا تعریف کی ہوئی ذات
اَوَّلٌ قَدِيْمٌ بِلَا اِبْتِدَاءٍ
ایسا اول ہے ایسا قدیم ہے جسکی کوئی ابتداء نہیں
وَّاٰخِرٌ كَرِيْمٌ بِلَا اِنْتِهَاءٍ
اور سب سے آخر ایسا کریم کہ جسکی کوئی انتہاء نہیں
وَغَفَرَ ذُنُوْبَ الْمُذْنِبِيْنَ كَرَمًا وَّحِلْمًا

اور اس نے اپنے کرم اور اپنی بردباری سے گناہگاروں کے گناہ معاف کر دئے

یَامَنْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

اے وہ ذات جس کے مثل کوئی چیز نہیں اور وہ بہت سننے اور دیکھنے والا ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

اللہ ہمارے لئے کافی ہے اور وہ اچھا کارساز، اچھا آقا اور بہترین مددگار ہے۔

یَادَائِمًا بِلَا فَنَآءٍ وَّیَا قَائِمًا بِلَا زَوَالٍ وَّیَا مُدَبِّرًا بِلَا وَزِیْرٍ

اے وہ ذات جو کسی فنا کے بغیر ہمیشہ رہنے والی اور اے وہ ذات جو کسی زوال کے بغیر کائنات کی نگرانی کرنے والی ہے اور اے وہ ذات جو کسی وزیر کے بغیر سلطنتِ کائنات چلانے والی ہے۔

سَہِّلْ عَلَیْنَا وَعَلٰی وَالِدَیْنَا کُلَّ عَسِیْرٍ

آسان فرما ہم پر اور ہمارے والدین پر ہر قسم کی مشکل۔

لَا اُحۡصِیۡ ثَنَآءً عَلَیۡكَ اَنۡتَ کَمَآ اَثۡنَیۡتَ عَلٰی نَفۡسِكَ

میں آپ کے شایان شان تعریف نہیں کر سکتا آپ ٹھیک ویسے ہی ہیں جیسی کہ آپ نے اپنی خود اپنی تعریف فرمائی ہے۔

عَزَّ جَارُكَ وَ جَلَّ ثَنَآئُكَ وَتَقَدَّسَتۡ اَسۡمَآئُكَ وَعَظُمَ شَانُكَ وَلَا اِلٰهَ غَیۡرُكَ

تیرے پڑوس میں رہنے والا معزز ہے اور تیری تعریف برتر ہے اور تیرے نام مقدس ہیں اور تیری شان بلند و بالا ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

یَفۡعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ بِقُدۡرَتِهٖ وَیَحۡکُمُ مَا یُرِیۡدُ بِعِزَّتِهٖ اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیۡرُ الۡاُمُوۡرُ

اللہ تعالی اپنی قدرت سے جو چاہتا کرتا ہے اور جس بات کا ارادہ کرتا ہے اپنی طاقت سے اس کا فیصلہ صادر کرتا ہے۔ غور سے سنو! تمام معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ
اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے اسی کی حکومت ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
پس اللہ تعالی اے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) آپ کے لئے کافی ہو جائے گا (ان منافقوں کی طرف سے) اور وہ سننے اور جاننے والا ہے۔
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَيْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ الْمُنْتَهٰى مَنِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ نَجٰى۔
اللہ ہمارے لئے کافی ہے اور ہمارا کارساز ہے اللہ تعالی نے اس کی دعا سن لی جس نے اس کو پکارا، اللہ تعالی کے بعد (مرادوں) کی اور کہیں انتہا نہیں، جس نے اللہ تعالی کے دامن کو مضبوطی سے پکڑا وہ نجات پا گیا

سُبْحَانَ مَنْ لَمْ یَزَلْ رَبًّا رَّحِیْمًاۢ وَّلَا یَزَالُ کَرِیْمًا

وہ ذات پاک ہے جو ہمیشہ سے پروردگار اور رحم کرنے والا ہے اور ہمیشہ سے کرم (سخاوت) کرنے والا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بردبار، سخی ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اللہ کی ذات پاک ہے اور بابرکت ہے جو ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا رب ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام عالموں کا رب ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اسکا کوئی شریک نہیں۔

اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِّتْرًا حَيًّا قَيُّوْمًا دَائِمًا اَبَدًا
ایسا معبود جو تنہا و یکتا، بے نیاز، یگانہ، طاق، زندہ، قائم و دائم اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔
لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا
جس نے نہ بیوی ہی اختیار کی، اور نہ ہی اسی کوئی اولاد ہے
وَّلَمْ يَكُنْ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ
اور نہ ہی ملک میں اسکا کوئی شریک ہے
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ
اور (کمزوری یا عیب کے سبب) اسکا کوئی معاون و مددگار نہیں ہے
وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا، اللّٰهُ اَكْبَرُ
اور اس اللہ کی بڑائی بیان کر، اللہ سب سے بڑا ہے
حَسْبُنَا اللّٰهُ لِدِيْنِنَا

اللہ ہی ہمارے دین کے لئے کافی ہے
حَسْبُنَا اللّٰہُ لِدُنْیَانَا
اللہ ہی ہماری دنیا کے لئے کافی ہے
حَسْبُنَا اللّٰہُ لِمَا اَھَمَّنَا
اللہ ہی ہماری مصیبت کے لئے کافی ہے
حَسْبُنَا اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیْنَا
اللہ ہی ہمارے کے لئے کافی ہے اس شخص پر جو ہمارے اوپر ظلم کرے
حَسْبُنَا اللّٰہُ لِمَنْ حَسَدَنَا
اللہ ہی ہمارے کے لئے کافی ہے اس شخص کی طرف سے جو ہمارے ساتھ حسد کرے
حَسْبُنَا اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنَا بِالسُّوْءِ

اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے اس شخص کی طرف سے جو ہمارے خلاف سازش کرے۔
حَسۡبُنَا اللّٰہُ عِنۡدَ الۡمَوۡتِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے موت کے وقت۔
حَسۡبُنَا اللّٰہُ عِنۡدَ الۡقَبۡرِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے قبر میں۔
حَسۡبُنَا اللّٰہُ عِنۡدَ الۡمَسَآئِلِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے سوالوں کے وقت۔
حَسۡبُنَا اللّٰہُ عِنۡدَ الصِّرَاطِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے پل صراط پر۔
حَسۡبُنَا اللّٰہُ عِنۡدَ الۡحِسَابِ

اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے حساب کے وقت۔
حَسْبُنَا اللّٰہُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے ہمارے اعمال کے تولنے کے وقت،
حَسْبُنَا اللّٰہُ عِنْدَ الْجَنَّۃِ وَالنَّارِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے جنت میں جانے اور جہنم سے بچانے کے لئے
حَسْبُنَا اللّٰہُ عِنْدَ اللِّقَآءِ
اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے دیدار کے وقت۔
حَسْبِیَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ۔
اللہ ہی میرے لئے کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف میں لوٹوں گا۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَا اَعْظَمَ اللّٰہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے پاک ہے اللہ کی ذات، اللہ کس قدر بڑا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا اَحْلَمَ اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے پاک ہے اللہ کی ذات، اللہ کس قدر حلیم (بردبار) ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے پاک ہے اللہ کی ذات، اللہ کس قدر سخی ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ تنہا ہے اسکا کوئی شریک نہیں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا۔

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے برحق پیغمبر ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

اے اللہ درود نازل فرما ہمارے سردار (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر جب جب کہ ذکر کرنے والے آپ کا ذکر کریں

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

اے اللہ درود نازل فرمائے ہمارے سردار (حضرت) محمد پر جب جب کہ غافل لوگ آپ کا ذکر کرنے سے غافل ہو جائیں

رَضِیْنَا بِاللّٰہِ تَعَالٰی رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا
وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَّرَسُوْلاً
وَّبِالْقُرْآنِ اِمَامًا وَّبِالْکَعْبَۃِ قِبْلَۃً وَّبِالصَّلٰوۃِ
فَرِیْضَۃً وَّبِالْمُؤْمِنِیْنَ اِخْوَانًا وَّبِالصِّدِّیْقِ وَبِالْفَارُوْقِ وَبِذِی
النُّوْرَیْنِ وَبِالْمُرْتَضٰی اَئِمَّۃً رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ
اَجْمَعِیْنَ۔

ہم راضی ہیں اللہ تعالی سے اس کے رب ہونے پر، اور حضرت محمد ﷺ سے اسکے نبی اور رسول ہونے پر
اور قرآن پاک کے رہنما ہونے پر اور کعبہ کے قبلہ ہونے پر اور نماز کے ہم پر فرض ہونے پر اور مؤمنین سے ہمارے بھائی ہونے پر اور ہم راضی ہیں حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمانؓ ذی النورین اور حضرت علی مرتضیؓ سے کہ یہ ہمارے پیشوا ہیں۔ ان سب پر اللہ تعالی کی رضا مندی ہو۔

مَرْحَباً بِالصَّبَاحِ الْجَدِيْدِ وَبِالْيَوْمِ السَّعِيْدِ

مبارک ہو نئی صبح اور اچھا دن مبارک ہو

وَبِالْمَلَكَيْنِ الْكَاتِبَيْنِ الشَّاهِدَيْنِ الْعَادِلَيْنِ

اور مبارک ہو اعمال لکھنے والے دو فرشتوں کو جو کہ عدل وانصاف والے گواہ ہیں۔

حَيَّا كُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ غُرَّةِ يَوْمِنَا هٰذَا اُكْتُبَا فِيْ اَوَّلِ صَحِيْفَتِنَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اللہ تعالی تم دونوں کو سلامت رکھے ہمارے آج کے اس دن کی ابتداء میں

ہمارت اعمال نامہ میں لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

وَاَشْهَدَا بِاَنَّا نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ

اور تم دونوں گواہ رہو کہ ہم گواہی دیتے ہیں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی

معبود نہیں ہے وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے

اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں

۔ جنھیں اللہ نے ہدات (قرآن) کے ساتھ اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے تا کہ

وہ اسلام تمام دینوں پر غالب کردے اگرچہ مشرک اسے ناپسند ہی کریں

عَلٰی هٰذِهِ الشَّهَادَةِ نَحْيَا وَعَلَيْهَا نَمُوْتُ وَعَلَيْهَا نُبْعَثُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

اور اسی گواہی پر ہم زندہ رہتے ہیں اور اسی پر ہم مریں گے اور انشاءاللہ تعالی اسی گواہی پر ہم قیامت میں اٹھائے جائیں گے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں اللہ تعالی کی پناہ مانگتا ہوں ان تمام کلمات کے ساتھ، مخلوق کے شر سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

اللہ تعالی کے نام سے جو تمام ناموں سے بہتر ہے، اللہ تعالی کے نام سے جو زمین اور آسمان کا رب ہے، اللہ تعالی کا نام لیکر کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، نہ

زمین اور نہ آسمان میں، اور بہت وہ سننے اور جاننے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ الْبَعْثُ وَالنُّشُوْرُ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جس نے ہمیں مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا اور قیامت کے دن اٹھ کر اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

ہم نے صبح کی اور سارے ملک نے صبح کی اللہ کے لئے جو تمام عالموں کا رب ہے۔

وَالْعِزَّةُ وَالْعَزْمَةُ وَالْكِبْرِیَآءُ وَالْجَبَرُوْتُ وَالسُّلْطَانُ وَالْبُرْهَانُ لِلّٰهِ ،وَالْاٰلَآءُ وَالنَّعْمَآءُ لِلّٰهِ، وَاللَّیْلُ وَالنَّهَارُ لِلّٰهِ، وَمَا سَكَنَ فِیْهِمَا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔

اور ساری عزت اور ساری عظمت اور ساری بڑائی اور ساری طاقت اور ساری

بادشاہت اور روشن دلیلیں اللہ کو شایان شان ہیں اور تمام ظاہری اور باطنی نعمتیں اللہ ہی کی طرف سے ہیں اور دن اور رات اللہ کی مخلوق ہیں اور جو چیز رات و دن میں قرار پائے ہے وہ سب اکیلے، زبردست طاقت والے اللہ کی مخلوق ہیں۔

اَصْبَحْنَا عَلٰی فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَ كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ

ہم نے دین فطرت (اسلام) اور کلمہ توحید پر صبح کی۔

وَعَلٰی دِیْنِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی مِلَّةِ اَبِیْنَا اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۔

اور ہم نے اپنے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر اور اپنے والد حضرت ابراہیمؑ جو خالص مواحد و مسلم تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے، کی ملتِ حنیف پر صبح کی۔

صَلَوٰتُ اللّٰهِ تَعَالٰی وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِیَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَحَمَلَةِ

عَرۡشِهٖ وَجَمِيۡعِ خَلۡقِهٖ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ اَصۡحَابِهٖ عَلَيۡهِ

وَعَلَيۡهِمُ السَّلَامُ وَرَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

درود ور حمتیں نازل ہوں اللہ تعالی کی، اس کے فرشتوں اور پیغمبروں کی،

اس کے رسولوں کی اور اس کے عرش کو اٹھانے والوں کی اور تمام مخلوق کی

ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور انکی اولاد اور انکے اصحاب پر آپ ﷺ

پر اور آپ کے اصحاب پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے اللہ کے رسول ﷺ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا حَبِيۡبَ اللّٰهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے اللہ کے محبوب ﷺ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا خَلِيۡلَ اللّٰهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے اللہ کے خلیل (دوست) ﷺ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے اللہ کے نبی ﷺ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے اللہ کے برگزیدہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللهِ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے اللہ کی ساری مخلوق سے بہتر

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ اخْتَارَهُ اللهُ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے وہ ذات جسے اللہ نے پسند کیا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ اَرْسَلَهُ اللهُ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے وہ ذات جس کو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ زَيَّنَهُ اللهُ

آپ پر درود و سلام نازل ہواے وہ ذات جس کو اللہ نے زینت بخشی ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَامَنْ شَرَّفَہُ اللّٰہُ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے وہ ذات جس کو اللہ نے مشرف بنایا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَامَنْ کَرَّمَہُ اللّٰہُ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے وہ ذات جس کو اللہ نے عزت بخشی ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَامَنْ عَظَّمَہُ اللّٰہُ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے وہ ذات جس کی اللہ نے تعظیم ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاسَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ (۳ مرات)

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے تمام پیغمبروں کے سردار

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے تمام پرہیزگاروں کے پیشوا

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاخَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ

آپ پر درود و سلام نازل ہو اے تمام نبیوں کے بعد آنے والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ (۳مرات)

آپ پر درود وسلام نازل ہوا ے گناہ گاروں کی سفارش کرنے والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ

آپ پر درود وسلام نازل ہوا ے تمام عالموں کے لئے رحمت۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

آپ پر درود وسلام نازل ہوا ے تمام جہانوں کے پروردگا کے پیغمبر

صَلَوٰتُ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَحَمَلَۃِ عَرْشِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

درود ور حمتیں نازل ہوں اللہ تعالی کی، اس کے فرشتوں اور پیغمبروں کی، اس کے رسولوں کی اور اس کے عرش کو اٹھانے والوں کی اور تمام مخلوق کی

، ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور انکی اولاد انکے اصحاب پر، آپ ﷺ پر اور آپکے اصحاب پر سلام اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں نازل ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود نازل فرما ہم سے پہلے لوگوں میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ

اور درود نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر ہمارے بعد آنے والے لوگوں میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

اور درود نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر ملائکہ مقربین میں قیامت کے دن تک۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِىْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ

اور درود نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر ہر وقت اور ہر گھڑی

میں۔
وَ صَلِّ عَلٰی جَمِیۡعِ الۡاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَعَلٰی مَلَآئِکَتِكَ الۡمُقَرَّبِیۡنَ وَعَلٰی عِبَادِكَ الصَّالِحِیۡنَ وَعَلٰی اَهۡلِ طَاعَتِكَ اَجۡمَعِیۡنَ
اور درود نازل فرما تمام نبیوں پر اور تمام رسولوں پر اور اپنے تمام مقرب فرشتوں اور اپنے تمام نیک بندوں پر اور اپنے سب اطاعت گزار بندوں پر۔
وَارۡحَمۡنَا مَعَهُمۡ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔
اور ہم پر رحم کر انکے ساتھ اپنی مہربانی سے اے تمام رحم کرنے والوں لوگوں سے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

دُعَاءُ الرِّقَاب

گردنوں کے چھڑانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ يَامَالِكَ الرِّقَابِ
اے اللہ! اے گردنوں کے مالک
وَيَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
اور اے رحمت کے دروازے کھولنے والے
وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَّا نَسْتَطِيْعُ لَهٗ طَلَبًا ۔
اور اے سبب ساز ہمارے لئے (رزق کا) ایسا سبب مہیا فرما جسکی تلاش کی ہمیں طاقت نہیں
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مَشْغُوْلِيْنَ بِاَمْرِكَ
خدایا ہمیں اپنے حکم کی تعمیل میں مشغول رکھ
آمِنِيْنَ بِعَدْلِكَ

اپنے انصاف سے امن میں رکھ
آيِسِيْنَ مِنْ خَلْقِكَ
اپنی مخلوق سے بے نیاز بنا
آنِسِيْنَ بِكَ
اپنی ذات سے مانوس رکھ
مُسْتَوْحِشِيْنَ عَنْ غَيْرِكَ
اپنے غیر سے ہراسان رکھ
رَاضِيْنَ بِقَضَآئِكَ
اپنے فیصلے پر راضی رہنے والے بنا
صَابِرِيْنَ عَلٰى بَلَآئِكَ
آپ کی آزمائش پر صبر کرنے والا بنا

قَانِعِيْنَ لِعَطَآئِكَ
اپنی بخشش پر قناعت کرنے والے بنا
شَاكِرِيْنَ لِنَعْمَآئِكَ
اپنی نعمتوں کا شکر گزار بنا
مُتَلَذِّذِيْنَ بِذِكْرِكَ
اپنی یاد سے لذت اٹھانے والا بنا
فَرِحِيْنَ بِكِتَابِكَ
اپنی کتاب (قرآن مجید) پر خوش ہونے ولا بنا
مُنَاجِيْنَ بِكَ فِيْ اٰنَآءِ اللَّيْلِ وَاَطْرَافِ النَّهَارِ
اپنی ذات کے ساتھ راتوں اور دن کے حصوں میں سر گوشی کرنے والا بنا
مُبْغِضِيْنَ لِلدُّنْيَا

دنیا سے نفرت کرنے والا بنا

وَمُحِبِّيْنَ لِلْاٰخِرَةِ

اور آخرت سے محبت کرنے والے

مُشْتَاقِيْنَ اِلٰى لِقَآئِكَ

اپنے دیدار کا شوقین بنا

مُتَوَجِّهِيْنَ اِلٰى جَنَابِكَ

تیرے دربار کی طرف متوجہ رہنے والا بنا

مُسْتَعِدِّيْنَ لِلْمَوْتِ۔

موت کے لئے ہر وقت تیار رہنے والا بنا

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

اے ہمارے رب! ہمیں وہ چیز دیجئے جس کا آپ نے وعدہ دیا ہے اپنے رسولوں کی زبانی، اور ہمیں قیامت میں رسوا نہ فرما بے شک آپ وعدہ پورا کرنے والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ التَّوْفِيْقَ رَفِيْقَنَا وَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ طَرِيْقَنَا

اے اللہ توفیق کو ہمارا ساتھی بنا اور سیدھے راستہ کو ہماری راہ بنا

اَللّٰهُمَّ اَوْصِلْنَا اِلٰى مَقَاصِدِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔

اے ہمارے اللہ! ہمیں اپنے مقاصد تک پہنچا اور ہمیں توبہ کی توفیق عطا فرما بے شک آپ اپنے بندوں کو توبہ کی توفیق بخشنے والے اور رحم کرنے والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰ وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔

اے ہمارے اللہ! تیری ہم نے تیری ہی مہربانی سے صبح اور شام کی اور تیری ہی مہربانی سے زندہ ہیں اور تیرے ہی نام پر مر جائیں گے اور تیری ہی طرف لوٹ آئیں گے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا لَذَّةَ النَّظْرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ۔

اے اللہ! ہمیں اپنی ذات کی طرف دیکھنے کی لذت اور اپنے دیدار کا شوق عطا فرما۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلاً وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ۔

اے اللہ! ہمیں حق کو حق ہی دکھا اور اس حق کی اتباع نصیب فرما اور جھوٹ کو جھوٹ ہی دکھا اور اس سے بچنا نصیب فرما۔
اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَآئِقَ الْاَشْيَآءِ كَمَا هِيَ
اے اللہ! ہمیں تمام چیزوں کی حقیقتیں ایسی ہی دکھا جیسی وہ ہیں
تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ
ہمیں مسلمان ہونے کی حالت میں موت دے اور نیک بندوں کے ساتھ ہمیں ملا
وَادْفَعْ عَنَّا شَرَّ الظّٰلِمِيْنَ وَشَارِكْنَا فِيْ دُعَآئِ الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہم سے ظالموں کا شر دور فرما اور ہمیں مؤمنین کی دعاؤں میں شامل فرما
وَنَبِّهْنَا عَنْ نَّوْمَةِ الْغَافِلِيْنَ
اور ہمیں غافلانہ نیند سے بیدار کر

وَارْزُقْنَا شَفَاعَةَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اور ہمیں رسولوں کے سردار (حضرت محمد ﷺ) کی شفاعت نصیب فرما
وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ
اور ہمیں سلامتی اور امن کے ساتھ جنت میں داخل فرما
وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ
اور ہمیں پرہیز گاروں کے ساتھ اٹھا
وَخَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ۔
اور ہمیں آگ سے آزاد فرما اے پناہ دینے والے۔
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کی امت کی مغفرت فرما
اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ ﷺ

اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت پر رحم فرما
اَللّٰھُمَّ انْصُرْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی مدد فرما
اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِاُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو دشمنوں پر فتح نصیب فرما
اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی اصلاح فرما
اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی پریشانی دور فرما
اَللّٰھُمَّ کَرِّمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ
اے اللہ ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت عزت مند بنا

اَللّٰھُمَّ عَظِّمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ ﷺ

اے اللہ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کو عظمت عطا فرما

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ سَیِّئٰتِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ۔

اے اللہ! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کی برائیوں سے در گزر فرما

اَللّٰھُمَّ یَا حَبِیْبَ التَّوَّابِیْنَ تُبْ عَلَیْنَا

اے اللہ! اے توبہ کرنے والوں کو دوست رکھنے والے ہمیں توبہ کی توفیق عطا فرما

وَیَا اَمَانَ الْخَائِفِیْنَ اٰمِنَّا

اور اے خوف کے ماروں کو امن دینے والے ہمیں امن عطا فرما

وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ دُلَّنَا

اور اے راستہ بھولے ہوؤں کو راستہ دکھانے والے ہمیں راستہ دکھا

وَيَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ اهْدِنَا

اور اے گمراہوں کو ہدایت دینے والے ہمیں ہدایت دے

وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا

اور اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے ہماری فریادرسی فرما

وَيَا رَجَآءَ الْمُنْقَطِعِيْنَ لَا تَقْطَعْ رَجَائَنَا

اور اے ناامیدوں کی امید، ہماری امید کو مت توڑیئے

وَيَا رَاحِمَ الْعَاصِيْنَ ارْحَمْنَا

اور اے نافرمانوں پر رحم کرنے والے ہم پر رحم فرما

وَيَا غَافِرَ الْمُذْنِبِيْنَ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّئٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ۔

اور اے گناہگاروں کی مغفرت کرنے والے ہمارے گناہوں کی مغفرت

فرما اور ہماری برائیوں کو مٹا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ وفات دے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبَنَا

اے اللہ ! ہمارے گناہ بخش دیجئے

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عُيُوْبَنَا

اے اللہ ! ہمارے عیبوں کو چھپا

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا

اے اللہ ! ہمارے دلوں کو کھول دے

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ قُلُوْبَنَا

اے اللہ ! ہمارے دلوں کی حفاظت فرما

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا

اے اللہ ! ہمارے دلوں کو روشن فرما

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُبُوْرَنَا
اے اللہ! ہماری قبروں کو روشن فرما
اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ اُمُوْرَنَا
اے اللہ! ہمارے کاموں میں آسانی پیدا فرما
اَللّٰھُمَّ حَصِّلْ مُرَادَنَا
اے اللہ! ہماری مراد پوری فرما
اَللّٰھُمَّ تَمِّمْ تَقَاصِیْرَنَا
اے اللہ! ہماری کوتاہیوں کو پورا کر دے (معاف فرما)
اَللّٰھُمَّ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ
اے اللہ! ہمیں اس چیز سے نجات دے جس کا ہمیں خوف ہے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِمَشَائِخِنَا وَلِاَسَاتِذَتِنَا وَ لِاَصْحَابِنَا وَلِاَحْبَابِنَا وَلِعَشَائِرِنَا وَلِقَبَائِلِنَا وَلِمَنْ لَّہٗ حَقٌّ عَلَیْنَا وَلِجَمِیْعِ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ۔

اے اللہ ! ہماری اور ہمارے والدین اور ہمارے مشائخ اور ہمارے استاذ اور ہمارے ساتھیوں اور ہمارے دوستوں اور ہمارے رشتہ داروں اور ہمارے قبیلہ والوں اور جس کا ہم پر حق کی مغفرت فرما اور حضرت محمد (آپ پر درود سلام ہو) کی پوری امت کی مغفرت فرما۔

وَقِنَا رَبَّنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ وَعَذَابَ یَوْمِ الْقِیَامَۃِ وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِیْنَ وَالْاَبْرَارِ ۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس شر سے بچا جو آپ نے مقدر کیا ہوا ہے
اور ہمیں عذا قبر اور جہنم کی آگ سے بچا اور قیامت کے دن کے عذاب
سے اور قیامت کے دن ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ اٹھا۔

اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْاَوْرَادِ الْفَتْحِيَّةِ اِفْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ
الْعِنَايَاتِ وَالْكَرَامَاتِ وَوَفِّقْنَا لِلطَّاعَاتِ وَالْعِبَادَاتِ
وَاحْفَظْنَا مِنَ الْاٰفَاتِ وَالْبَلِيَّاتِ

اے اللہ! اس اوراد فتحیہ کی برکت سے کھول دے ہمارے لئے اپنی
مہربانیوں اور بخششوں کے دروازے اور ہمیں اپنی فرماں برداری اور
عبادتوں کی توفیق عطا فرما اور ہمیں آفتوں اور آزمائشوں سے محفوظ رکھ۔

وَبَارِكْ لَنَا فِي الرِّزْقِ وَالْعُمْرِ وَالْحَسَنَاتِ۔

اور برکت دے ہمیں رزق، عمر اور نیکیوں میں

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا یَافَیَّاضُ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَایَا وَالْاَمْرَاضِ۔
اے اللہ ! اے فیض و برکت والے خدا ہمیں محفوظ رکھ تمام مصیبتوں اور بیماریوں سے۔
وَصَلَّی اللہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْن
اور اللہ تعالی درود و سلام نازل فرما اپنی مخلوق میں سب سے بہتر یعنی حضرت محمد ﷺ پر اور آپکی آل اور آپ کے تمام اصحاب پر۔
(بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ)
آپکی رحمت کے وسیلہ سے اے ارحم الراحمین۔
آمین یا رب العٰلمین۔